DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v60i3.1988

# وقف سے متعلقہ بعض مسائل اور پاکستان میں اس کے احیا کی ضرورت

ثمینہ بشیر[۞]

# Some Commandments Regarding Waqf and the Need to Revive it in Pakistan

**Samina Bashir**[۞]

**Abstract**: Waqf or endowment is a perpetual form of charity which may also be denoted as 'continuous charity'. Charity holds great importance in the Islamic system especially because of its eternal benefits. The Islamic civilization is based upon the idea of cooperation and helping the needy. Islam is against limiting wealth to certain people; rather, it demands the circulation of wealth among the community. In its encouragement for working in the public interest, charitable endowment (waqf) is an institution that serves this purpose. Islamic history is filled with numerous examples of dedicating one's private property to the public interest. An endowment is a golden chapter of Islamic history that needs to be revived in its true spirit. This paper discusses the constituents, importance, benefits and utilization of waqf in the present era especially in consideration of today's economic needs of the Islamic society and the transformation of conventional waqf into an efficient and profitable institution. It highlights the need to rejuvenate the system of waqf in the present era while addressing the financial problems of various segments of society.
**Keywords:** continuous charity, waqf, perpetuity, movable, immovable, sustainable, economic development

**Summary of the Article**

Waqf or endowment is a valuable and perpetual form of charity which may also be denoted as ‘continuous charity.’ It is restraining the actual property while giving away its benefits for nominated beneficiaries by a wāqif (executor). Historically, it was prevalent, in one form or the other, in all cultures and societies that preceded Islam. Islam not only endorsed it but also provided rules and conditions for a valid waqf. A waqf once created cannot be transferred, sold, mortgaged, gifted or inherited whereas its administrator can use it to feed himself/herself and his/her family and friends in moderation without being extravagant.

---

۞ اسسٹنٹ پروفیسر، کلیہ شریعہ و قانون، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد۔

۞ Assistant Professor Faculty of Shariah & Law International Islamic University, Islamabad. (samina.bashir@iiu.edu.pk)

The common opinion regarding waqf is that it is based on immovable property but examples of endowing moveable property are also found in Islamic history. Quite a good number of literature available in classical and contemporary writing is based on the waqf of immovable property such as lands, mosques with attached madrasahs and chattel. Gradually the concept gathered expansion and became inclusive of arms, industrial, occupational and surgical appliances, books, scriptures and even cash properties.

According to Abū Zahrah, waqf on a mosque is permanent whereas domestic waqf or waqf 'alā al awlād is temporary. 'Umar (may Allah be pleased with him) was the first one in Islamic history to create on the advice of Prophet Muḥammad (peace be upon him) waqf of his land acquired in Khyber, which was very dear to him, in such a manner that it is restrained while its produce was used as ṣadaqah to the poor and needy, relatives, guests and in emancipating slaves without the property being sold, inherited or gifted to anyone. Waqf is a permanent charity and it is recommended that a person who intends to create a waqf may allocate his favourite and/or profitable property for this purpose.

The question is whether moveable property can be a subject matter of waqf initially or a waqf property can be rendered and exchanged for an immovable asset while still subject to the purpose of beneficiaries. Moreover, is it prohibited to convert it to moveable or otherwise in contravention of the initial creation of waqf?

The rule of perpetuity demands the status of waqf remain unchanged. There might arise circumstances where a perpetual waqf is no longer viable and not as beneficial as intended by a wāqif. With time, its administration may become onerous rather than beneficial. In the light of the above-mentioned circumstances can a permanent waqf in the form of lands or other immovable properties be lawfully converted to the moveable assets while keeping in view the initial intention of the executor of such waqf and not defeating the purpose at all? The question thus may be: 'Is it necessary to preserve the waqf or its utility?' The utility of waqf is more important. Especially in the case where the administrator fails to administer it effectively or happens to indulge in corruption or embezzlement, the court may interfere and change the administration. Another question is whether the court can order to change the nature of waqf or exchange between moveable and immoveable waqf.

The waqf property, immovable or moveable, has one common attribute, that is, durability. Therefore, a perishable or easily perishable thing cannot be the subject matter of waqf. According to the Ḥanafī school of thought, moveable waqf must be auxiliary to immovable waqf. However, the majority of jurists opined that a waqf of moveable property can be created in its independent state. In the light of this opinion, both types of waqf are permissible. The question remains whether one type of waqf may be converted to another type if it has become non-profitable and whether one type of moveable can be converted into another type of moveable asset. By applying *istiḥsān* and *maṣlaḥah*, such waqf can be converted even into an intangible asset such as company shares and stocks but extreme care must be exercised to safeguard the conditions, objectives and expenses in consideration of the executor at the time of creating waqf.

In Pakistan, there is a need to change the conventional concept of waqf and attention may be given to more important fields such as education and health. The conventional structure may be transformed into a proactive department which may turn redundant awqāf (pl. of waqf) into profitable projects of public interest and save these from the hands of corrupt political influence and illegal possession mafia. Without undermining the Islamic spirit, these projects can be used to help needy, orphans and widows. By reviving the system of awqāf, the country can fight against poverty and unemployment. The cooperation of national and international financial institutions can be sought for this purpose in the form of agreements to invest in these projects especially because Pakistan, as a member of the UN, has incurred liability to attain sustainable economic development under Sustainable Development Goals- SDGs. Waqf is a perpetual charity through which economic independence, self-sufficiency and self-respect can be achieved both at the individual end and at the state level.

صدقۂ جاریہ کی اسلامی نظام میں بڑی اہمیت اور اُخروی فوائد ہیں۔ اسلامی معاشرہ باہمی تعاون کے اصول پر قائم ہے۔ اسلام مادی فوائد و ثمرات کو محدود کرنے کے خلاف ہے، مفادِ عامہ اور خیر کے کاموں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ وقف کا ادارہ بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

اسلامی تاریخ میں مفادِ عامہ کے لیے اپنی ذاتی ملکیت کو وقف کرنے کی بہت سی مثالیں ملتی ہیں۔ وقف اسلامی تاریخ و تہذیب کا سنہرا باب ہے۔ اس کو آج اپنی اصل روح کے ساتھ دوبارہ زندہ کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ مقالہ وقف، اس کے لوازمات، اہمیت، منفعت و افادیت اور اس کے موجودہ دور میں احیا پر بحث کرتا ہے۔

## وقف کی تعریف

**لغوی معنی:** وقف لغت میں روکنے اور منع کرنے کے معنٰی میں آتا ہے۔ کہتے ہیں: وقفت الدار وقفا: حبستها في سبيل الله، میں نے گھر وقف کر دیا، یعنی اسے اللہ کی راہ میں دے دیا۔ اسی طرح کہتے ہیں: وقفت الرجل عن الشيء وقفا: منعته عنه، میں نے کسی شخص کو کسی چیز سے وقف کر دیا، یعنی اس سے منع کر دیا۔[۱]

**اصطلاحی مفہوم:** وقف سے مراد کسی مال کے اصل یا عین کو روک لینے اور اس کی منفعت کو عام کرنا ہے۔

۱- **الموسوعة الفقهية الكويتية** (الكويت: وزارة الأوقاف والشئون الإسلامية، ۱۴۰۴ھ-۱۴۲۷ھ)، ۴۴: ۱۰۸۔

شریعت میں "وقف" اس مفہوم میں استعمال ہوا ہے۔ ابو یوسف اور محمد کے نزدیک واقف کی ملکیت زائل نہیں ہوتی بلکہ عین محبوس ہوتا ہے اور دوسرے کی ملک میں داخل نہیں ہوتا۔ گویا یہ عاریہ کے مثل ہے جس میں کسی دوسرے کے لیے ملک کے بغیر منفعت کو جائز کیا جاتا ہے۔[۲] "وقف وہ عقد ہے جس میں ہمیشہ کے لیے اصل کی تحبیس اور منفعت کا اطلاق کیا جاتا ہے۔"[۳] فقہا کے ہاں لفظ "تسبیل" سے بھی وقف ہی مراد لی جاتی ہے جیسا کہ "هو تحبيس العين و تسبيل المنفعة."[۴] جب کہ ابو زہرہ نے اس کی تعریف یوں کی ہے: وقف حبسِ اصل ہے اس طور کہ اس میں بیع، ہبہ اور وراثت نہیں؛ جب کہ اس کے فوائد کو بمطابق شرطِ واقف نیکی کے کاموں میں استعمال کیا جائے۔[۵]

وقف میں ملکیت "واقف" کی رہتی ہے اور منفعت سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ "موقوف" یعنی مال میں تو تصرف جائز نہیں ہے، لہٰذا اسے بیچا، ہبہ کیا یا میراث میں پایا نہیں جاسکتا۔[۶]

پنجاب وقف پراپرٹیز آرڈیننس ۱۹۷۹ء وقف پراپرٹی کی اس طرح تعریف کرتا ہے:

"Waqf property means property of any kind permanently dedicated by a person professing Islam for any purpose recognized by Islam as religious, pious or charitable..."

(وقف جائیداد سے مراد کسی بھی قسم کی جائیداد ہے جو مستقل طور پر اسلام کے ماننے والے شخص کے ذریعے کسی ایسے مقصد کے لئے مختص کی گئی ہو جسے اسلام نے ایک مذہبی، پرہیز گاری یا خیراتی حیثیت میں تسلیم کیا ہو۔)

پریوی کونسل کے سامنے ایک کیس میں سید امیر علی نے وقف کی توضیح ان الفاظ میں کی:[۷]

When once it is declared that a particular property is wakf, or any such expression is used as implies wakf, or the tenor of the document shows, ... that a dedication to pious or charitable purposes is meant, the right of the wakif is extinguished and the

---

۲۔ محمد بن ابی سہل السرخسی، **المبسوط** (بیروت: دار المعرفة، ۱۹۹۳ء)، ۱۲: ۲۷– ۲۸۔

۳۔ تنزیل الرحمن، **مجموعہ قوانین اسلام** (اسلام آباد: ادارہ تحقیقات اسلامی، ۲۰۱۰ء)، ۳: ۱۰۴۴۔

۴۔ علی اکبر سیفی مازندرانی، **دلیل تحریر الوسیلہ**، (اصفہان: دربارہ مرکز تحقیقات)، ۲۲۔

۵۔ محمد ابوزہرہ، **محاضرات في الوقف** (قاہرہ: دار الفكر العربي، ۱۹۵۹ء)، ۴۴۔

۶۔ غلام عبد الحق، **احکام وقف** (اسلام آباد: ادارہ تحقیقاتِ اسلامی، س ن)، ۴۰–۴۱۔

7– Vidya Varuti V. Blusami, AIR, 1922, PC 123.3.

ownership is transferred to the Almighty...

( جب ایک بار یہ اعلان کر دیا جاتا ہے کہ خاص جائیداد وقف ہے، یا اس طرح کا کوئی لفظ استعمال کیا جاتا ہے جیسا کہ وقف کا مطلب ھے، یا دستاویز کی مدت ظاہر کرتی ہے کہ نیک یا فلاحی مقصد کے لئے وقف کرنا مراد ہے تو واقف کا حق ختم ہو جاتا ھے اور ملکیت اللہ تعالی کی طرف منتقل ہو جاتی ہے۔)

لہٰذا وقف مذہبی اور خیراتی مقاصد کے لیے قائم کیا جاتا ہے، اور قیام کے بعد وقف جائیداد واقف کی ملکیت سے نکل کر اللہ کی ملکیت میں چلی جاتی ہے۔ اس کے اوپر مزید تفصیل آگے آئے گی۔

## وقف احادیث کی روشنی میں

گو کہ قرآن میں وقف کا لفظ نہیں آیا تاہم بہت سے مقامات پر مسلمانوں کو اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کی ترغیب دی گئی ہے اور اس عمل پر بہت اجر و ثواب کی نوید سنائی گئی ہے۔

۱۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جب ابنِ آدم مر جاتا ہے تو اس کا عمل منقطع ہو جاتا ہے، مگر تین اعمال باقی رہتے ہیں: صدقۂ جاریہ، یا ایسا علم جس سے فائدہ اٹھایا جاتا رہے یا نیک اولاد جو اس کے لیے دعا کرتی رہے۔“[۸]

۲۔ حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ”حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خیبر میں ایک زمین ملی وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کی، ” اللہ کے رسول مجھے خیبر میں ایک زمین ملی ہے اور مجھے اس سے بڑھ کر نفیس مال کبھی ہاتھ نہیں آیا۔“ یہ سن کر آپ نے فرمایا، ”اگر تم چاہو تو اصل زمین کا صدقہ کر دو۔“ چناں چہ انھوں نے اس کا صدقہ کر دیا کہ نہ تو اسے فروخت کیا جائے نہ اس میں وراثت جاری ہو اور نہ ہی ہبہ ہو گی۔[۹]

---

۸۔ محمد بن اسماعیل الصنعانی، **سبل االسلام شرح بلوغ المرام**، ت عبدالقیوم، باب الوقف، رقم ۸۷۱ (اسلام آباد: شریعہ اکیڈمی، ۲۰۰۴)، ۳: ۲۲۹؛ مسلم بن الحجاج ابو الحسن القشیری النیسابوری، **الصحیح**، ترجمہ: عابد الرحمن صدیقی کاندھلوی، کتاب الوصیۃ، باب ما یلحق الانسان من الثواب بعد وفاتہ (لاہور و کراچی: ادارہ اسلامیات پاکستان ۲۰۰۷)، ۲: ۲۰۸، رقم: ۱۷۲۰۔

۹۔ الصنعانی، **سبل السلام شرح بلوغ المرام**، ت: عبدالقیوم، باب الوقف، ۳: ۲۳۱، رقم: ۸۷۲؛ محمد بن اسماعیل ابو عبداللہ البخاری، **الجامع الصحیح**، ترجمہ: محمد ناصر الدین، کتاب الشروط، باب الشروط فی الوقف (آر آر پرنٹر، ۲۰۱۶)، ۱۹: ۵۴، رقم: ۲۷۳۷؛ مسلم، **من الوصیہ**، رقم: ۱۵؛ ابن ماجہ، **السنن**، ابواب الصدقات، باب من وقف، رقم: ۲۳۹۶–۲۳۹۷)

۳۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک اور روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو صدقے (زکوۃ) کی وصولی کے لیے بھیجا۔۔۔الخ۔ اس حدیث میں آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے یہ بھی فرمایا، "۔۔۔ جہاں تک خالد کا تعلق ہے تو انھوں نے اپنی زرہیں اور ساز و سامان اللہ کی راہ میں وقف کر دیا ہے۔"[۱۰] اس حدیث کو منقولہ اشیا کے وقف کے حق میں دلیل کے طور پر بھی پیش کیا جاتا ہے، اور چوں کہ موقوفہ اشیا ان کی ملکیت سے خارج ہو گئیں، لہٰذا ان کے ذمے اس مال کی زکوۃ نہیں تھی۔

۴۔ انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سات چیزیں ایسی ہیں کہ ان پر عمل کرنے والے بندے کے لیے اس کی قبر میں بھی اجر جاری رہتا ہے: جس نے کوئی علم سکھایا، جس نے کوئی نہر جاری کی، جس نے کوئی کنواں کھدوایا، جس نے کوئی باغ لگایا، جس نے مصحف (قرآن) وقف کیا یا پھر ایسا بیٹا ترکے میں چھوڑا جو اس کے لیے موت کے بعد مغفرت کی دعا کرتا رہتا ہے۔[۱۱] ترمذی اور شوکانی کے مطابق اراضی ، مساجد اور قناطر کے وقف پر ائمہ میں کوئی اختلاف نہیں پایا جاتا۔

اوپر ذکر کردہ روایات سے وقف کے متعلق مندرجہ ذیل باتیں معلوم ہوتی ہیں:

۱۔ صدقۂ جاریہ سے مراد وقف ہے۔

۲۔ اسلام میں پہلا وقف حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں قائم ہوا۔

۳۔ صدقۂ جاریہ (وقف) ایک مسلمان کی وفات کے بعد بھی ثواب کا ذریعہ ہے۔

۴۔ وقف، حبس، صدقہ وغیرہ مترادف الفاظ ہیں اور انھیں کے ذریعے وقف قائم کیے جاتے تھے مثلاً: وقفتُ، حبستُ، اور صدقتُ کذا--------

۵۔ اپنا بہترین مال صدقہ (وقف) کرنا پسندیدہ ہے۔

---

۱۰۔ محمد بن احمد بن حجر العسقلانی، **سبل السلام شرح بلوغ المرام**، ت: عبدالقیوم، باب الوقف (اسلام آباد: شریعہ اکیڈمی، ۲۰۰۴ء)، ۳: ۲۳۳، رقم: ۸۷۳ (اس حدیث کے کچھ مزید حوالہ جات؛ بخاری: باب ۸۹، من الزکوۃ، مسلم، حدیث ۱۱، من الزکوۃ، سنن ابی داود، باب ۲۲، من الزکوۃ، سنن نسائی، باب ۱۵، من الزکوۃ...)

۱۱۔ ابو عبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ قزوینی، **شرح سنن ابن ماجه**، ت: ابوالعلاّ محمد محی الدین جہانگیر، شرح: علامہ محمد لیاقت علی رضوی (لاہور: شبیر برادرز اردو بازار، ۲۰۱۵)، ۱: ۵۹۱، رقم: ۲۴۲ (مزید حوالہ: البیہقی فی شعب الإیمان، ۳/۲۴۸، حدیث: ۳۴۴۸.)

۶۔ وقف جائیداد نہ تو میراث میں جاتی ہے، نہ بیچی (فروخت کی) جاتی ہے نہ ہی ہبہ ہوتی ہے۔[۱۲]

۷۔ اصل کو حبس کیا جاتا ہے؛ جب کہ منفعت سے فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔

۸۔ اس کی آمدنی کو فقرا، اقربا، غلام آزاد کرنے، اللہ کی راہ میں، مسافر کے لیے، مہمان کے لیے، صدقہ کیا جا سکتا ہے، البتہ وقف کا متولی یا اس کا انتظام و انصرام کرنے والا خود، اپنے خاندان، یا اپنے دوست کو معروف طریقے پر کھلا سکتا ہے مگر فضول خرچی نہ کرے نہ ہی اس سے مال بنائے۔[۱۳]

۹۔ تیسری روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ اسباب کو بھی وقف کیا جا سکتا ہے، کیوں کہ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے آلاتِ حرب وغیرہ وقف کر دیے تھے۔[۱۴]

قرآن نے نیکی کا معیار اپنے پسندیدہ مال کو اللہ کی راہ میں وقف کرنا بتایا ہے۔[۱۵] حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا وقف اسی کی مثال ہے۔ یہ غالباً اسلامی تاریخ کا پہلا وقف ہے جس میں تفصیلی احکام بھی آ گئے، یعنی اس کے مصارف اور وقف کی نوعیت وغیرہ۔ مزید اس کی دلیل کئی صحابہ جیسے عثمان، علی، طلحہ، عائشہ اور حفصہ رضی اللہ عنہم کے عمل سے ملتی ہے۔[۱۶]

---

۱۲۔ نفس مصدر، شرح سنن ابن ماجہ، ۴: ۲۰۸، رقم ۲۳۹۶؛ **صحيح البخاري**، كتاب الشروط، باب الشروط في الوقف، رقم: ۲۷۳۷۔

۱۳۔ علامہ قرطبی کے مطابق اگر وقف متولی پر اس قسم کی پابندی لگاتا تھا تو اسے بری بات سمجھتے تھے اور یہ رواج تھا کہ متولی وقف سے اس طرح کا فائدہ اٹھاتا تھا مگر اس قدر نہیں کہ اس کو جمع کرے اور اس سے اپنا مال بنائے۔ (مرجع سابق، **سبل السلام**، شرح بلوغ المرام، ت: عبدالقیوم، ۳: ۲۳۲۔)

۱۴۔ احناف کی رائے اس سے مختلف ہے۔ تاہم ہاشم کمالی کی کتاب، **استحسان اور مالیاتی امور**، میں مذکور ہے کہ امام شیبانی نے اس عمومی اصول کہ "وقف ایک ناقابل تنسیخ صدقہ ہے جو غیر منقولہ املاک میں جائز ہے" کو چھوڑ کر منقولہ اشیا میں اس بنا پر جائز قرار دیتے ہیں کہ ایسا عرف میں قبول کیا جاتا ہے (محمد ہاشم کمالی، **استحسان اور مالیاتی امور**، ترجمہ، حسن الامین (اسلام آباد: انٹر نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اکنامکس، ۲۰۰۱ء)، ۶۸)۔ تاہم اس روایت سے پتا چلتا ہے کہ ایسا نہ تو عرف سے اور نہ استحسان سے، بلکہ سنت سے ثابت ہے۔

۱۵۔ القرآن، ۳: ۹۲۔

۱۶۔ السرخسی، **المبسوط**، ۱۲: ۲۸۔

## وقف پر تحریریں

وقف پر کلاسیکل اور عصری دونوں ادوار میں بہت سا مواد لکھا گیا ہے۔ تاہم ابتدائی طور پر اراضی، مساجد اور ان سے ملحق مدارس اور ان کے اثاثہ جات ہی وقف کا موضوع رہے ہیں؛ جب کہ وقت کے ساتھ ساتھ عصری تقاضوں کے مطابق اس تصور کو وسعت ملی اور بہ تدریج اس میں اشیاے منقولہ، جیسا کہ آلاتِ حرب و صنعت و حرفت، آلاتِ جراحی، کتب و مصحف اور اموال نقدیہ بھی شامل ہو گئے؛ کیوں کہ بہ ہر حال اس کا مقصد تو تحبیسِ اصل اور تسبیل منفعت ہے جو ہر نوع سے حاصل ہو سکتا ہے۔ ابوزہرہ اپنی کتاب **محاضرات في الوقف** میں اسلامی وقف کے احکام کے ساتھ ساتھ مصری قانونِ اوقاف اور اس کی تاریخ بھی بیان کرتے ہیں، جس کے مطابق مسجد پر وقف مؤبد یا دائمی ہوتا ہے؛ جب کہ وقف اہلی / ذُرّی یا علی الاولاد مؤقت یا غیر دائمی ہوتا ہے اور وقفِ خیری دائمی یا غیر دائمی یعنی مؤقت دونوں طرح کا ہو سکتا ہے۔[۱۷] غلام عبد الحق کی کتاب احکام وقف (۱۹۹۹) جس کا بیش تر انحصار عبید اللہ الکبیسی کی کتاب **أحكام الوقف في الشريعة الإسلامية** پر ہے؛ جب کہ اردو زبان میں شائع ہونے والی یہ کتاب مختصر مگر عمدہ، عام فہم اور وقیع ہے۔ اس کے مقدمے میں وقف علی النفس، اشیاے منقولہ اور کرنسی پر فقہا کے اقوال کی روشنی میں بحث کی گئی ہے۔ کہیں کہیں کچھ ابہام بھی پایا جاتا ہے اور جاہلیت کے 'ہبہ' کو 'وقف' ثابت کرنے کوشش بھی کی گئی ہے۔ کتاب میں مثالیں دے کر بتایا گیا ہے کہ مسلمان حکم ران نہ صرف غیر مسلموں کے اوقاف کو برقرار رکھتے تھے، بلکہ ان کی مالی مدد بھی کرتے تھے تاہم مؤلف نے موجودہ مسلم ریاستوں کے اوقاف، قوانین اور عصری تقاضوں کے مطابق کچھ نئے اوقاف کی تشکیل کا ذکر نہیں کیا۔[۱۸] محمد ہاشم کمالی کی کتاب **استحسان اور مالیاتی امور** (۲۰۰۱ء) ترجمہ مطبوعہ، عالمی ادارہ فکرِ اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی، اسلام آباد، کے باب ''اوقاف سے متعلق مسائل اور استحسان'' میں مؤلف نے مسلم ممالک میں اوقاف کی بد انتظامی، نااہل منتظمین کے اختیارات سے تجاوز کے نتیجے میں حکومتی مداخلت اور ''سرکاری افسر شاہی'' کے تسلط کو وقف کے ادارے کے زوال کی وجہ قرار دیا ہے۔ اس کے علاوہ مصنف کے خیال میں زرعی اصلاحات کے نتیجے میں زمین پر ملکیتی حد نے بھی اوقاف قائم کرنے کی حوصلہ شکنی کی ہے۔ مصنف کے خیال میں وقف کی تنسیخ یا استبدال کا مسئلہ ہو یا قابل وقف املاک کے تعین کا؛ اس میں تقاضاے عصر کے پیشِ نظر استحسان کا اطلاق کیا

---

۱۷- ابوزہرہ، **محاضرات في الوقف**، ۶۹۔

۱۸- ثمینہ بشیر، ''ادارہ تحقیقات اسلامی کی فقہ پر مطبوعات: ایک جائزہ''، **فکر و نظر**، اسلام آباد، ۵۵: ۳-۴ (۲۰۱۸ء)، ۲۰۹- ۲۱۰۔

جائے؛ تاہم مصنف کے خیال میں مسلم اقلیتی ملکوں میں وقف کو او آئی سی کے تحت بین الاقوامی کمیشن کے قیام اور ان ملکوں کے ساتھ معاہدات کے ذریعے مضبوط بنایا جائے جس کا مقصد وہاں کے مقامی فلاحی مقاصد کی ترجیح کے ذریعے ان اقلیتی مسلمانوں کی مدد کرنا ہو۔[۱۹] ان سب کے علاوہ کئی مباحث نے عصری مالیاتی اداروں کے اوقاف کے ضمن مین ممکنہ کردار پر سیر حاصل بحث کی ہے اور موجودہ دور میں ان مالیاتی اداروں کے تعاون اور تناصر کو اوقاف کے نظام کو مؤثر اور مزید قابل عمل بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

## وقف کی اقسام

فقہا نے وقف کی دو اقسام کا ذکر کیا ہے: وقف خیری، وقف ذُرّی یا وقف علی الاولاد اور وقفِ خیری۔

وقفِ ذری سے مراد یہ ہے کہ واقف، اپنی اولاد یا اقربا کے لیے وقف کر دے۔ وقفِ خیری سے مراد وہ وقف ہے جو پہلے امورِ خیر میں لگایا جائے اور پھر بعد میں اسے اپنی اولاد و اقربا میں خاص کر لیا جائے۔[۲۰] تاہم اگر وقف کا مقصد ورثا کو نقصان پہنچانا ہو تو ایسا وقف باطل تصور ہو گا۔[۲۱]

## اسلام کے ابتدائی دور میں مختلف نوعیت کے اوقاف

گو کہ وقف اسلام سے پہلے بھی موجود تھا مگر اسے یہ نام نہیں دیا جاتا تھا اور زیادہ تر عبادت گاہوں کے لیے وقف قائم کیے جاتے تھے، جن میں یہودیوں کے کنائس اور ان کا قبۃالہیکل، عیسائیوں کے کلیسا، آتش پرستوں کی عبادت گاہیں اور ہندوؤں کے مندر وغیرہ شامل ہیں۔ اسی طرح حضور ﷺ سے پہلے اوقافِ ابراہیم اور خانہ کعبہ اس کی مثالیں ہیں، جب کہ حضرت دانیال علیہ السلام کے دور میں ایک خزانے سے لوگوں کو بلاسود قرض فراہم کیا جاتا تھا۔[۲۲] تاہم اسلام نے پہلی مرتبہ وقف کو باقاعدہ ایک ادارے کی شکل دی اور کئی اور مقاصد کے لیے بھی اوقاف بنائے گئے۔[۲۳]

---

۱۹۔ دیکھیے: مرجع سابق؛ محمد ہاشم کمالی، **استحسان اور مالیاتی امور**، ترجمہ، حسن الامین، (اسلام آباد: انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اکنامکس، ۲۰۰۱ء)، ۱۳۱-۱۴۳۔

۲۰۔ وہبہ الزحیلی، **الفقه الإسلامي وأدلته** (دمشق: دار الفکر)، ۱۰: ۷۶۰۷۔

۲۱۔ ابوزہرہ، **محاضرات في الوقف**، ۴۶۔

۲۲۔ مفتی اویس نعیم۔ "وقف کے ارتقا پر ایک نظر"، https://www.madarisweb.com/ur/articles/4795, accessed on 13.01.2021.

۲۳۔ غلام عبد الحق، **احکام وقف**، ۲۴۔

جیسا کہ پہلے ذکر کیا گیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا وقف غالباً اس نوعیت کا پہلا وقف ہے جس میں کچھ حدود متعین کی گئیں اور اس کے مصارف کا بیان ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ رضی اللہ عنہم کے دور میں کچھ مزید اوقاف کی تفصیل ملتی ہے۔ ابتدائی طور پر مسجدِ قبا اور مسجدِ نبوی کو دینی وقف مانا جاتا ہے، جب کہ غزوۂ احد میں مسلمانوں کی طرف سے لڑنے والے یہودی مخیّریق نے موت سے پہلے وصیت کے ذریعے اپنا سارا مال حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے کرنے کا کہا۔ چناں چہ ان کی موت کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سات باغات وقف کیے اور مخیّریق کی تعریف فرمائی۔[۲۴] حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مذکورہ بالا وقف کے علاوہ بھی اپنے دورِ خلافت میں وقف قائم کیا اور بہت سے صحابہؓ کو اس پر گواہ بنایا۔ ان کے وقف کی شہرت کی وجہ سے باقی لوگوں میں بھی اوقاف قائم کرنے کی تحریک ہوئی اور کئی صحابہؓ نے اپنے مال سے وقف قائم کیے۔[۲۵] بلکہ ان صحابہ کے علاوہ اُمہاتِ المؤمنین نے بھی اوقاف قائم کیے۔[۲۶]

وقف اسلامی تاریخ کا ایک شاہ کار نظام ہے جو خالصتاً فلاحِ عامہ پر مبنی رہا ہے۔ تقریباً دو صدیوں سے اس پر اتنی توجہ نہیں دی جا سکی؛ جب کہ اس کے احیا سے غربت کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے، خاص کر مالیاتی اداروں کو اس کی تحریک جدید خطوط پر استوار کرنی چاہیے۔[۲۷]

## اسلامی تاریخ کے اوقاف

مسلمانوں کی تاریخ خیر و فلاح اور مفادِ عامہ کے کارناموں سے معمور ہے۔ اس کارِ خیر میں نہ صرف مردوں بلکہ عورتوں نے بھی بہت کارہائے نمایاں انجام دیے ہیں۔ مثلاً مراکش کے شہر فاس میں دنیا کی پہلی یونی ورسٹی کی بنیاد ایک خاتون فاطمہ الفہریہ نے ۸۵۹ میں رکھی جو جامعہ القیروان کے نام سے موجود ہے۔ تیونس

۲۴– غلام عبدالحق، نفسِ مرجع، ۳۳۔ یہ واقعہ سیرتِ ابنِ ہشام میں مذکور ہے۔ یہ یہودی تھے اور اپنے علم کے ذریعے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات سے واقف تھے۔ جنگِ احد میں یہود کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ دینے کا کہا وہ نہ مانے تو اپنے ہتھیار لے کر چل پڑے اور لڑائی میں کام آئے۔ اپنا مال آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے وصیت کر دیا تھا۔ مدینہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے عام صدقات انھی کے مال سے ہوتے تھے۔ ابن ہشام، **سیرتِ ابنِ ہشام** (لاہور: مکتبہ خلیل، ۲۰۱۳ء)، ۱: ۴۲۴، ۲: ۱۹۱۔

۲۵– نفسِ مصدر، ۳۵۔ سعودی عرب میں آج بھی حضرت عثمان کے اوقاف قائم ہیں۔

۲۶– نفسِ مصدر، ۳۹۔

27– Muhammad Ayub, "Institutionalizing 'Waqf' for Realizing the Shared Development Objective by Islamic Banks and Financial Institutions", *Journal of Islamic Business and Management*, (2018) ,8 (2), 330-343, 8.

کے شہر قیروان میں پیدا ہونے والی فاطمہ اور مریم دونوں بہنوں نے وہاں سے اپنے والد مشہور تاجر محمد الفہری کے ہم راہ فاس میں سکونت اختیار کی، ان کی وفات کے بعد ان بہنوں نے وہاں ایک مسجد اور جامعہ تعمیر کروائی جو کہ اپنے والد کے لیے ثواب اور صدقۂ جاریہ کے طور پر تعمیر کروائی۔[۲۸] صرف فاس میں یعقوب المنصور الموحدی اور ان کے بیٹے الناصر کے دور میں سات سو بیاسی مساجد اور ان کے اوقاف کی کثیر تعداد تھی۔ اسی طرح عہد مرینی میں اوقاف نے بہت ترقی کی خاص طور پر خیری اوقاف۔[۲۹] الغرض سعدیوں اور علویوں نے بھی اوقاف کے انشا اور تحفظ میں بڑا کردار ادا کیا۔

## وقف کی دوامی حیثیت

فقہا کے درمیان وقف کے دائمی اور غیر دائمی ہونے کے حوالے سے اختلاف پایا جاتا ہے۔ اسی طرح وقف کے قیام کے حوالے سے بعض کے نزدیک صرف اعلان کرنا کافی ہے؛ جب کہ بعض دوسروں کے نزدیک وقف جائیداد کو متولی یا موقوف علیہ کے حوالے کر دینے سے قائم ہوتا ہے۔ دراصل وقف کے قبضے کی دو صورتیں ہیں؛ ایک تو یہ کہ واقف خود ہی متولی ہو اور قبضہ متولیانہ رکھے نہ کہ مالکانہ، دوسری صورت میں کسی اور کو متولی بنائے اور جائیداد موقوفہ اس کے قبضے میں دے دے۔ ہر دو صورت میں جیسے ہی جائیداد مقصدِ وقف کے مطابق استعمال میں آجائے، وقف قائم ہو جاتا ہے، مثلاً اگر کسی نے اپنی زمین مسجد، قبرستان یا مسافر خانہ کے لیے دی اور وہاں تعمیر کے بعد اسے اپنی مِلک سے الگ کر دیا اور نمازیوں نے نماز پڑھ لی، تدفین کر لی گئی یا مسافروں نے قیام کر لیا تو وقف قائم ہو گیا اب واقف اس سے رجوع نہیں کر سکتا۔[۳۰] تاہم اگر وقف کرنے کے بعد ملکیت اسی کے پاس ہے تو وقف مالکیہ کے ہاں باطل ہو جاتا ہے اور بعض کے نزدیک لازم ہو جاتا ہے۔[۳۱]

---

28– Kenny, Jaffery K, Moosa Ibrahim, *Islam in the Modern World,* (Routledge:---2018), 128 ; Lulat Y.G.M. *A History of African Higher Institution from Antiquity to the Present, Acritical Synthesis Studies in Higher Education*, (Greenwood Publishing Group,2005), 70.

۲۹– محمود احمد مہدی، **نظام الوقف في التطبيق المعاصر** (کویت: البنك الإسلامي للتنمية، ۲۰۰۲ء)، ۱۶–۱۷۔

۲۹– تنزیل الرحمن، **مجموعہ قوانین اسلام**، ۳: ۱۰۵۶–۱۰۵۷۔ تاہم امام ابو یوسف کے نزدیک جب اس نے اپنی ملکیت سے الگ کر کے استعمال کی اجازت دے دی اسی وقت وقف قائم ہو جائے گا اور ان کی رائے کو سرخسی نے قوی قرار دیا ہے۔ سرخسی، **المبسوط**، (مصر: ۱۳۲۴ھ)، ۱۲: ۳۶۔

۳۰– نفس مرجع، ۳: ۱۵۷۔

زیادہ تر فقہا وقف کی ابدیت کے قائل ہیں، چاہے اس کی صراحت کی گئی یا نہیں، ہر صورت میں دائمی متصور ہو گا۔ اگر اس کے بر خلاف شرط رکھی تو شرط باطل ہو گی جب کہ وقف دائماً قائم ہو جائے گا؛ تاہم بعض مالکیہ اور شیعہ امامیہ کے نزدیک وقف چاہے دائمی اور ابدی ہو یا مدت معین کی شرط کے ساتھ، دونوں طرح جائز ہے۔(۳۲) تاہم اگر وقف کے قیام کو واقف کی موت سے مشروط کیا گیا تو اس کی حیثیت وصیت کی سی ہو گی اور موت سے پہلے منسوخ کیا جا سکتا ہے۔ ایسا وقف نہ تو بیع ہو سکتا ہے اور نہ ہی میراث، اور یہ واقف کے ایک تہائی ترکے میں قائم ہو گا۔(۳۳) وقف اغنیا کے حق میں نہیں ہو سکتا اور نہ ہی کسی مباح کام کے لیے؛ کیوں کہ وقف تقرب الی اللہ کا ذریعہ ہے اور ایسا کرنے سے گویا مال کو ایسے کام میں خرچ کیا جس کا واقف کو فائدہ نہیں۔(۳۴)

فقہا نے صحتِ وقف کے حوالے سے واقف، متولی، موقوف اور موقوف علیہ کی شرائط کا ذکر کیا ہے جو کہ کتبِ فقہ میں دیکھی جا سکتی ہیں، یہاں ان کا موقع نہیں۔

## ملکیتِ وقف

وقف سے متعلق ایک سوال یہ ہے کہ وہ کس کی ملکیت ہے؟ واقف کی، یا موقوف علیہ کی یا پھر اللہ تعالی کی؟ اس سلسلے میں تینوں ہی باتیں درست ہیں، مثلاً مالکیہ اور امامیہ کے راجح قول کے مطابق ملکیت واقف سے خارج نہیں ہوتی، تاہم ان کے نزدیک واقف کی ملکیت مقید ہے اور اس کی دلیل وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں تحبیسِ اصل اور تسبیلِ منفعت سے لیتے ہیں۔ یہ اس کے حق میں ملکیت کا اقرار ہے؛ جب کہ حنابلہ کے ہاں ملکیت موقوف علیہم کو منتقل ہو جاتی ہے۔ بعض شیعہ کے نزدیک فقرا اور مساکین پر وقف یا مصلحتِ عامہ کے اوقاف کسی کی ملکیت نہیں، بلکہ اللہ کی ملک ہیں اور ان کے علاوہ جو ہیں وہ موقوف علیہم کی ملک ہیں۔(۳۵)

## وقف کی اہمیت اور پاکستان میں وقف پر موجودہ قانونی ڈھانچہ

وقف نے اسلامی تہذیب کو بنیاد فراہم کی۔ تاریخ اسلامی اوقاف کی مثالوں سے بھری پڑی ہے۔ وقف

۳۱۔ نفس مرجع؛ تنزیل الرحمن، مرجع سابق، ۱۰۶۰–۱۰۶۴۔

۳۲۔ **فتاوی عالمگیری**، ترجمہ، سید امیر علی (لاہور: قانونی کتب خانہ کچہری روڈ، س ن)، ۴: ۶۲۔

۳۴۔ ابن تیمیہ، **الفتاوی الکبری**، کتاب الوقف، ۴: ۲۴۰۔

http://ketaonline.com/ar/books/6812/read/part, accessed: 15//2023

۳۵۔ ابوزہرہ، مرجع سابق، ۸۷۔

کے ادارے نے اسلامی تہذیب میں سماجی اور اقتصادی ترقی میں بہت کردار ادا کیا۔ وقف اداروں کی وجہ سے عوام کی بہت سی ضروریات حکومت پر بوجھ ڈالے بنا ہی پوری ہوتی رہیں۔

مسلمان وقف ویلیڈیٹنگ ایکٹ مجریہ ۱۹۱۳ء کے تحت ایک مسلمان اپنی اور اپنی اولاد کی دیکھ بھال کے لیے وقف قائم کر سکتا ہے جو کہ اس کی اولاد کے بعد مساکین و محتاجین کے لیے وقف ہو جائے گا؛ لہٰذا خیراتی مقصد کے بعید ہونے کی وجہ سے بھی ایسے وقف کا الغا نہیں ہو سکتا، تاہم اس کا انتہائی مقصد بہ ہر حال مساکین کی فلاح و بہبود ہی ہے۔[۳۶] اس طرح کے وقف کو وقف علی الاولاد کہا جاتا ہے۔ اگر وقف کسی وارث کو نقصان پہنچانے، صلہ رحمی کا حق ادا نہ کرنے کے لیے یا قطعِ رحمی کے لیے، یا اپنی اولاد کے درمیان امتیاز کرنے کے لیے (جیسا کہ لڑکوں کے لیے جائیداد وقف کرتے ہوئے لڑکیوں کو محروم کرنے کے لیے) وقف قائم کیا تو ایسا وقف باطل تصور ہو گا۔[۳۷]

پاکستان میں اس وقت رائج وقف قوانین میں مسلمان وقف ایکٹ ۱۹۲۳ء کے علاوہ چار صوبوں پنجاب، سندھ، بلوچستان اور شمال مغربی سرحدی صوبہ (خیبر پختونخواہ) میں وقف پراپرٹیز ایکٹ مجریہ ۱۹۷۹ء رائج ہیں جو کہ انتظامی نوعیت کے ہیں۔ اسی طرح آزاد جموں اور کشمیر وقف پراپرٹیز ایکٹ آف ۱۹۶۰ء جب کہ وفاق کے لیے اوقاف (فیڈرل کنٹرول) ایکٹ ۱۹۷۶ کے علاوہ بہت سے رولز جو اوقاف سروسز کے حوالے سے ہیں۔ مزید بر آں ٹرسٹ پراپرٹیز بے دخلی قوانین اور رولز، سب ہی انتظامی نوعیت کے ہیں۔

متذکرہ بالا آرڈیننسز اور قوانین کے سلسلے میں عدالتی فیصلوں نے بھی قانون سازی کی ہے اور طے کیا ہے کہ جہاں بھی سول عدالتوں کے دائرۂ کار کی نفی ہے (آرٹیکل ۲۱) تو وہ ان معاملات میں ہے جو نیک نیتی پر مبنی (Bonafide) ہوں نہ کہ بدنیتی پر مبنی (Mala Fide)۔[۳۸]

چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف یا اس کا متعین کردہ مینیجر، کا تقرر اوقاف قوانین کے تحت کیا جاتا ہے، تاہم اگر اوقاف ملازمین اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کریں تو سول عدالتوں کو درستی کا اختیار ہے۔ گورنر کو اختیار ہے کہ وہ قانون بنائے جس کے ذریعے سے عدالتوں سوائے سپریم کورٹ کے، ڈسٹرکٹ کورٹ اور ہائی کورٹ کے حکم امتناع

---

36- *Musalmaan Wakf Validating Act 1913,* Sec. 4 (Manual of Waqf Laws in Pakistan, Lahore: Kasuar Brothers. 2008) 219.

۳۹- غلام عبد الحق، احکام وقف، ۶۰۔

40- Raja Muhammad Arif , *Manual of Waqf Laws*, Kasuar Brothers, Lahore (PLD 1968 Dacca 152), 33.

کے دائرۂ اختیار کی نفی کی گئی ہو۔(۳۹) اگر وقف کے ساتھ کی زمین زمانۂ قدیم سے مذہبی مقاصد کے لیے استعمال ہوتی رہی تو اسے وقف کا حصہ ہی سمجھا جائے گا چاہے اس کی توقیف واضح الفاظ میں نہ کی گئی ہو۔ اگر وقف کے واحد منتظم اور متولی نے وصیت میں اپنے بیٹوں کو مشترک متولی بنایا، لیکن یہ ولایت ان کی اولاد کو توریث ہو گی اس کا ذکر نہ کیا تو ان میں سے کوئی اپنی موت پر اپنی اولاد کو متولی نام زد نہیں کر سکتا۔ قانوناً جائیداد منقولہ اور نقد سے بھی وقف قائم کیا جا سکتا ہے۔(۴۰) متولی کا معاوضہ واقف متعین کر سکتا ہے بہ صورتِ دیگر عدالت اس کا معاوضہ مقرر کرے گی جو وقف آمدن کے دس فی صد سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔ متنازعہ جائیداد کے وقف کا حصہ ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ عدالت ہر کیس کے حقائق کو مد نظر رکھ کر کرتی ہے، لہٰذا کسی جائیداد کی آمدن کے حصے کو مذہبی مقاصد کے لیے مختص کرنے کا مطلب یہ نہیں کہ اس جائیداد کو وقف سمجھا جائے۔(۴۱)

پاکستان میں وقف اور مقاصد کے لحاظ سے اس سے ملتے جلتے ادارے کسی ایک انتظامی ڈھانچے کے تحت نہیں ہیں۔ ۱۹۷۹ء کے صوبائی قوانین کے تحت صوبوں میں اوقاف کا نظام صوبائی انتظامیہ کے سپرد ہوا جب کہ چیف ایڈ منسٹریٹر کو وسیع اختیارات تفویض کیے گئے۔ ان وقف قوانین کے تحت اوقاف زیادہ تر مزارات، مساجد و مدارس اور قبرستانوں سے متعلق ہیں جب کہ بہت سے رفاہ عامہ اور فلاحی ادارے بعض دوسری انگریزی قواعد وضوابط کے تحت رجسٹر ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وقف کا صحیح تصور جو خالصتاً اسلامی وقف ہے اور بہت سی پیچیدگیوں کے بغیر ہے، محدود ہو کر رہ گیا اور اس کے اثرات جو معاشرے کی بہتری کی شکل میں نظر آنے چاہیے تھے وہ نظر نہیں آتے۔ نہ صرف یہ، بلکہ وقف جیسا فلاحی ادارہ سیاست اور سرکاری اہل کاروں کی وقف اراضی کے معاملے میں بے قاعدگیوں کی نذر ہو گیا۔ مثلا قانونا وقف اراضی، دکان یا مکان کو کرائے پر دیا جا سکتا ہے جب کہ اراضی کی صورت میں تین سال اور دکان اور مکان کے لیے دو سال سے زیادہ عرصے کے لیے نہ ہو سوائے اس کے کہ ایسا کرنا وقف کے بہترین مفاد میں ہو۔(۴۲) اور ایسی لیز (Lease) نیلامی کے ذریعے زیادہ بولی والے شخص یا ادارے کو دی جائے گی۔ جب کہ ایسے کئی کیس ہوئے جن میں اس قانون کی صریحاً خلاف ورزی کرتے ہوئے چیف

---

41- Ibid., (PLD 1961 (W.P.) Lah.993.)

42- Raja Muhammad Arif, *Manual of Waqf Laws*, 44,45.

43– Ibid., 49.

44- West Pakistan Waqf Properties (Administration) Rules, 1960, Sec. 7. (Manual of Waqf Laws in Pakistan, Lahore: Kasuar Brothers, 2008, pp. 125-129).

ایڈمنسٹریٹر اوقاف نے اراضی لیز پر دی یا پھر اسے اپنی پراپرٹی بنا لیا۔[۴۳] جب کہ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب بنام محمد ہاشم وغیرہ میں عدالت کے مطابق کسی بھی ترقیاتی مقصد کے لیے وقف جائیداد کو لیز پر دینے یا ایسا کوئی منصوبہ ڈیزائن کرنے کے لیے ضروری ہے کہ اس بات کو مد نظر رکھا جائے کہ وہ واقف کے وقف قائم کرنے کے مقصد اور مذہبی طور پر وقف کے مقاصد (نیکی، رفاہ عامہ اور خیراتی) کے مطابق ہو۔ لاہور ہائی کورٹ کے اس فیصلے کو بعد ازاں سپریم کورٹ نے ۲۰۱۹ء میں برقرار رکھا۔[۴۴]

## اسلامی وقف کی دوامی حیثیت اور تقاضائے وقت

وقف کے دائمی ہونے پر حضرت عمر ؓ کے وقف کی مثال سے استدلال کیا جاتا ہے، وگرنہ اس کے علاوہ ایسی کوئی براہِ راست نص نہیں جس سے استدلال کیا جائے۔ کسی بھی وقف کے قیام میں اس کے بنیادی تقاضے کو ہی اہمیت حاصل ہے وگرنہ وہ اپنے قیام کے مقصد کو کھو بیٹھے گا۔ یا پھر ایسا وقف جو ابتداً تو اس مقصد کو پورا کر رہا تھا تاہم مرورِ زمانہ سے اور بدلتے حالات میں اپنی اہمیت یا تو کھو چکا ہے یا پھر اس کی افادیت کم ہو گئی ہے۔ دراصل وقف کے دوام کا مقصد تو یہ ہے کہ وہ واپس واقف کی ملکیت میں نہ چلا جائے بلکہ رفاہ عام کا بنیادی مقصد پورا کرتا رہے؛ کیوں کہ وقف کے معاہدے کے مطابق واقف اپنی ملکیت سے دست بردار ہو جاتا ہے اور اب وہ اللہ کی ملکیت اور مخلوق کی خدمت کے لیے مختص ہو جاتی ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر اسی حیثیت سے وقف اپنے اس بنیادی مقصد کو پورا کرنے سے یا تو سرے سے قاصر ہو جائے یا اس لحاظ سے اپنی افادیت کلی یا جزوی طور پر کھو دے یا کھو رہا ہو تو کیا پھر بھی اس کی موجودہ حیثیت کو تبدیل نہ کیا جائے؟ بہ ظاہر یہ محل نظر ہے اور وقف کے مقاصد کے خلاف اور اس کی نفی کرتا ہے۔[۴۵] ایسے میں وقف کو محض قائم رکھنا ضروری ہے یا اس کی افادیت کو؟ ظاہر ہے وقف کی افادیت زیادہ اہم ہے، بالکل ایسے ہی جیسا کہ اگر منتظم وقف اگر اس کے انتظام وانصرام میں ناکام ہو جائے یا اس سلسلے میں بدعنوانی کا مرتکب ہو عدالت اس میں مداخلت کر کے وقف کی انتظامیہ کو تبدیل کر سکتی ہے تو کیا اسی طرح وہ وقف کی نوعیت بھی تبدیل کر سکتی ہے؟ حتی کہ کیا غیر منقولہ اور منقولہ وقف میں بھی تبادل کیا جا سکتا ہے؟

---

۴۵– دیکھیے: مقصود احمد بنام چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف، ۲۰۰۳ء لاہور ہائی کورٹ اور نعیم احمد بنام چیف ایڈ ڈمنسٹریٹر اوقاف، ۲۰۰۴ء لاہور ہائی کورٹ۔

46– Chief Administrator Awqaf Punjab, Lahore Vs. Muhammad Hashim SC 2019, 23.

۴۵– دیکھیے: محمد ہاشم کمالی، **استحسان اور مالیاتی امور**، ۱۳۸۔

۔۔۔اگر وقف پر ایسے حالات طاری ہوتے ہیں کہ وقف سے استفادہ مشکل یا ناممکن ہو جاتا ہے اور اس کی بیع کے بعد تبادلے کا حکم دے کر تبدیل شدہ شے کو اس کی جگہ وقف میں متصور ہونے کا حکم دیا جاتا ہے تو واقف کی غرض رضاے خداوندی و تقرب الی اللہ کا حصول مسلسل قائم رہتا ہے، اور واقف کی اولاد، دوسرے موقوف علیہم یا مساکین و فقرا کا اس موقوفہ سے استفادہ بر قرار رہتا ہے۔[۴۶]

وقف کے قابل اموال، خواہ غیر منقولہ ہوں یا منقولہ، میں ایک قدر مشترک ہے اور وہ ہے پائیداری تا کہ اس سے استفادہ کیا جا سکے۔ اگر جلد ہلاک ہونے والی چیز کو وقف کیا جائے تو وہ وقف کی تعریف، اس کے تقاضے اور مقصد کے خلاف ہے۔ احناف کے ہاں منقولہ وقف کو غیر منقولہ کے تابع ہونا چاہیے جیسے کہ وقف ہسپتال کے اندر اسباب اور آلات، یا وقف مدرسے کے ساتھ فرنیچر وغیرہ، جب کہ جمہور علما کے ہاں منقولہ املاک محض اپنی مستقل حیثیت میں بھی وقف ہو سکتے ہیں۔ فقہا کی اس راے سے کم از کم ہماری یہ مشکل تو آسان ہو جاتی ہے کہ دونوں طرح (غیر منقولہ اور منقولہ) اوقاف قابلِ قبول ہیں۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ایک مستقل غیر منقولہ اور غیر مفید وقف کی نوعیت تبدیل کر کے اسے منقولہ میں یا نوعیت کے اعتبار سے مختلف اور نئے غیر منقولہ میں بدلا جا سکتا ہے؟ بہ ظاہر اس میں کوئی قباحت نظر نہیں آتی۔ بلکہ استحسان کا تقاضا ہے کہ ایسا ہی کیا جائے تا کہ اس کی افادیت بر قرار رہے، بلکہ وقف کو نظر نہ آنے والے اثاثوں جیسے کہ کمپنیوں کے حصص وغیرہ میں بھی تبدیل کیا جا سکتا ہے، تاہم اس میں بہت احتیاط کی ضرورت ہے کہ جن شرائط، مقاصد اور مصارف کی بنیاد پر وقف کا قیام واقف کے پیش نظر تھا وہ مجروح نہ ہوں۔[۴۷] ابھی حال ہی میں پاکستان کی حکومت نے متروکہ وقف املاک بورڈ کی تشکیل نو اور متروکہ املاک کو کمرشل، صنعتی اور کاروباری لحاظ سے منافع بخش بنا کر آمدن کو رفاہ عامہ کے لیے مختص کرنے کی طرف پیش رفت کی ہے۔[۴۸]

پاکستان میں وقف کے روایتی تصور کو تبدیل کرنے کی ضرورت کے ساتھ ساتھ اس بات کی بھی ضرورت ہے کہ ان شعبوں کی نشان دہی کی جائے جو اس (وقف) ادارے کی توجہ کے زیادہ طالب و حق دار ہیں۔ سر دست تو تعلیم و صحت کے شعبوں کو شائد زیادہ توجہ کی ضرورت ہے۔ روایتی ڈھانچے کے بجائے ایک انتہائی فعال ادارہ جو اس شعبے کا صحیح معنوں میں احیا کر سکے اور ایسے ماہرین پر مشتمل ہو جو ان متروکہ اوقاف کے حقیقی معنوں میں قابل عمل

---

۴۶– تنزیل الرحمن، **مجموعۂ قوانین اسلام**،۳: ۱۰۸۵۔

۴۷– نفس مرجع،۱۴۱،۱۴۰۔

48– http://www.humnews.pk/latest/206935/.

اور منافع بخش منصوبوں میں تبدیل کرنے کے ساتھ ساتھ سیاسی دست برد اور قبضہ مافیا کے ہاتھوں میں جانے سے بچائیں۔ مندرجہ بالا نوعیت کے اوقاف دیگر مسلم ممالک جیسے کہ سعودی عرب، ملائیشیا اور ترکی میں پائے جاتے ہیں، بلکہ خود پاکستان میں تعلیم اور صحت کے شعبے میں چند ایک فلاحی ادارے انگریزی قوانین کے تحت رجسٹر ہیں۔ چوں کہ وقف کے ساتھ مسلمانوں کی مذہبی اور آخرت کے اجر کی مضبوط بنیاد منسلک ہے، لہٰذا انتہائی ضروری ہے کہ اس ادارے کی تشکیل نو ہو، اس سے سیاسی اور دنیاوی اغراض کو الگ کر کے اسے فعال کیا جائے۔ جس سے لوگوں کا اس ادارے پر اعتماد بحال ہو اور مزید لوگ اس ادارے کے ذریعے خدمت عامہ میں حصہ ڈال کر معاشرے کو خود کفیل بنائیں۔ سعودی عرب میں آج بھی حضرت عثمان ؓ کے اوقاف نہ صرف قائم ہیں بلکہ ان میں اضافہ ہوتا رہتا ہے. آپ ؓ کے اوقاف پر ایک مستقل مقالے کی ضرورت ہے، یہ جاننے کے لیے کہ وہ کیوں کر آج تک قائم و دائم ہیں اور مرورِ زمانہ سے ان میں کیا تبدیلیاں کی گئیں۔

## وقف کی ترویج اور احیا میں مالیاتی اداروں کا ممکنہ کردار

اسلامی تاریخ میں وقف سماجی ترقی کا بہترین ذریعہ رہا ہے، مگر اوقاف کے قومیائے جانے کے بعد سے اوقاف مجموعی طور پر زوال پذیر رہے ہیں اور اپنی افادیت کھوتے جا رہے ہیں۔ اس پر سرکاری اہل کاروں کی ریشہ دوانیوں اور بدعنوانیوں نے اس ادارے کو مزید ناقابل اعتبار بنا دیا۔ نوآبادیاتی نظام نے جس طرح مسلم اوقاف کی حیثیت کو تبدیل کیا، اس سے ان کی وہ افادیت جو اسلامی دور میں تھی بری طرح متاثر ہوئی۔ مختلف ممالک میں زرعی اصلاحات نے بھی نئے اوقاف عامہ اور خاندانی اوقاف کے قیام کی راہ میں رکاوٹ ڈالی؛ کیوں کہ ان اصلاحات کی رو سے زمین کی ملکیت پر خاص حد لگائی گئی جس سے خاندانی اراضی کو خاندان کے افراد میں اس حد کے اندر رہتے ہوئے تقسیم کرنے کی حوصلہ افزائی اور ماضی کی طرز پر وسیع اراضی پر اوقاف کے قیام کی حوصلہ شکنی ہوئی۔ وقف اپنے مال کو اپنی ملکیت سے الگ کر کے دائمی بنیادوں پر کسی گروہ یا عمومی طور پر مفاد عامہ کے لیے مخصوص کر دینے کا نام ہے، لہٰذا وقف ایک مستقل انتظام ہے، وقتی نہیں، اس سے رجوع نہیں کیا جا سکتا، یہ فوری نافذ العمل ہے اور وقف جائیداد کی قرقی نہیں ہو سکتی۔[۴۹] اس پر بھی ہمیں اتفاق ہے کہ ضروری نہیں کہ وقف صرف غیر منقولہ

---

49- Nasim Shah Shirazi, Muhammad Ubaidullah and Muhammad Aslam Hafeez, - Integration of Waqf and Microfinance for Poverty Reduction: Case of Pakistan. https://akhuwat.org.pk/integration-of-waqf-and-islamic-microfinance-for-poverty-reduction-case-of-pakistan/ Accessed on: 11/04/2020.

جائیداد پر ہی قائم کیا جا سکتا ہے بلکہ ہر قسم کے مستقل یا پائیدار اثاثوں پر مشتمل ہو سکتا ہے۔

باہمی اقتصادی انحصار نے اس بات کو ضروری بنا دیا ہے کہ اوقاف کی کام یابی میں بھی مختلف اداروں کا تعاون ہو۔ اب جب کہ یہ ثابت ہو چکا ہے کہ محض غیر منقولہ جائیدادوں پر مشتمل اوقاف معاشرے کی فلاحی اور ترقیاتی ضرورتوں کو تنہا پورا نہیں کر سکتے، لہٰذا اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ مالیاتی اداروں کے تعاون سے ایسے اوقاف قائم کیے جائیں جو صحیح معنوں میں مفادِ عامہ اور فلاحی کاموں میں سرعت کے ساتھ اشتراک کر سکیں۔ اسی وجہ سے اب یہ کہا جا سکتا ہے کہ بنکوں اور دیگر مالیاتی اداروں کے ذریعے نقد اوقاف قائم کر کے انھیں رفاہِ عام کے لیے استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ آخر کار غیر منقولہ اوقاف کی بھی تو آمدنی ہی موقوف علیہم کے کام آتی ہے۔ کیش (نقد) وقف قائم کرتے ہوئے واقف کو اس کی دوامیت کو یقینی بنانا چاہیے۔ کیش وقف یا مالیاتی سرٹیفکیٹ کے ذریعے فنانس اور قرضِ حسنہ کو معاشرے میں غربت کے خاتمے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ پاکستان میں اسلامک مائیکروفنانس نیٹ ورک اور اخوت فاؤنڈیشن مائیکروفنانسنگ اس کی مثال ہیں۔[۵۰]

وقف کی تاریخ اسلامی عہد کا روشن باب ہے۔ اس ادارے کی نئے دور کے تقاضوں کے مطابق از سرِ نو تشکیل سے معاشرے سے غربت کے خاتمے میں مدد ملے گی۔ متروکہ اوقاف یا کم فائدہ مند اوقاف کا احیا کر کے انھیں قابلِ استعمال اور قابلِ انتقال اثاثوں میں تبدیل کر کے معاشرے کی فلاح اور ترقی کے متعدد منصوبوں میں لگایا جا سکتا ہے۔ اوقاف کے انتظام میں پرائیویٹ اور پبلک سیکٹر کے اشتراک سے ایسی پالیسی وضع کرنے اور ایسا لائحۂ عمل اپنانے کی ضرورت ہے جس سے اسلامی روحِ وقف کو مجروح کیے بغیر بے شمار ترقیاتی، رفاہی اور فلاحی منصوبوں کی مدد سے نہ صرف ناداروں، بیواؤں اور یتیموں کی کفالت کی جا سکتی ہے، بلکہ اس نظام کو صحیح معنوں میں فعال کرنے سے ملک میں اقتصادی پروگراموں کے ذریعے غربت اور بے روزگاری کا خاتمہ بھی ممکن ہے۔

ملکی اور عالمی مالیاتی اداروں سے بھی اسی قسم کا تعاون اور اشتراک حاصل کیا جا سکتا ہے۔ خاص طور پر اب جب کہ پاکستان اقوامِ متحدہ کا رکن ہونے کی حیثیت سے پائیدار اقتصادی ترقی (Sustainable Economic Development) کے حصول کے لیے کوشش کرنے کا اقوامِ متحدہ کے ترقیاتی مقاصد (Sustainable Development Goals -SDGs) کے پروگرام کے تحت پابند ہے لہٰذا ایسے معاہدات کیے جا سکتے ہیں جن کی رو سے مالیاتی ادارے اس طرح کے اوقاف میں سرمایہ کاری کریں۔ وقف ہے تو مستقل بنیادوں پر قائم

50– Muhammad Ayub, "Institutionalising 'Waqf' for Realizing the Shared Development Objective by Islamic Banks and Financial Institutions" in *Journal of Islamic Business and Management* , 2018 8(2), 330-343.

خیراتی اور فلاحی ادارہ مگر اس کے ذریعے خود انحصاری، خود کفالت اور عزت نفس کا حصول انفرادی اور ملکی سطح پر ممکن ہے۔ یہ اسی وقت ممکن ہے جب اسے روحِ دین اور دورِ جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ کر دیا جائے۔ اس کے انتظامی ڈھانچے کی تشکیل نو کی جائے، اس میں پرائیویٹ سیکٹر کو زیادہ نمائندگی دی جائے، اس کا انتظام چلانے والوں کو وقف کے دینی تقاضوں کی سمجھ بوجھ ہو اور وہ مالیاتی اور دیگر متعلقہ امور میں مہارت رکھتے ہوں اور سب سے بڑھ کر متقی ہوں۔ اس بات کی بھی اشد ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ وقف قوانین کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے، مختلف لیجسلیشنز (Legislations) کے بجائے قانون کو ایک دستاویز کی شکل دی جائے۔

❁ ❁ ❁ ❁ ❁

# List of Sources in Roman Script


- Al-Sarakhsi, Muḥammad b. Abi Sahl. Beirut: Dar ul-Maʿrifah, 1993.
- Abu Zahra, Muhammad. *Muhaḍirāt fī al Waqf.* Cairo: Dār al-Fikr, 1959.
- Mazindānī, Ali Akbar *Dalīl Taḥrīr al-Wasīlah-Waqf*. Isphahān: Darbāra Markaz Taḥqīqāt, n.d.
- Ghulām, ʿAbdul Haq. *Aḥkām e Waqf*. Islamabad: IRI, 1999.
- Kamalī, Muḥammad Hashim. trans. Ḥasn al Amīn. *Isteḥsān aur Māliyātī Umūr* Islamabad: Institute of Islamic Economics, 2001.
- Mehdī, Maḥmūd Aḥmad. *Nizām al Waqf fī Taṭbīq al M`uāṣir*. Jeddah: 1423 H.
- Amīr `Alī, Syed. *Fatawa `Alamgīrī* (Urdu trans.). Lahore: Qānūnī Kutab Khana Katchehry Road, n.d.
- Tanzīl ur Reḥmān. *Majmu`a Qawānīn e Islām*, 7th Ed. Islamabad: IRI, 2010.
- Mehdī, Mehmūd Aḥmad. *Nizām al Waqf fī Ṭatbīq al M`uasir*. Kuwait: Al-Bank al-Islamī li-al- Tanmīyyah, 2002.
- Ibn Tymīyyah, `allama Taqi ud Dīn. *Al Fatāwa al Kubrā- Kitāb al Waqf*. Beirut: Dār al Kutab al `Ilmiyyah, 1987.
- Kenny, Jaffery K, Moosa Ibrahim. *Islām in the Modern World*. Routledge: 2018.
- Lulat Y.G.M. A History of African Higher Institution from Antiquity to the Present- A Critical Synthesis Studies in Higher Education. Greenwood Publishing Group, 2005.
- *Journal of Islamic Business and Management*, 8:2, (2018),
- *Fikr o Nazar*, 55:3-4, (2018), 203-218.
- http://www.madarisweb.com/ur/articles/4795.
- http://akhuwat.org.pak/integration-of-waqf-and-islamic-microfinance-for-poverty-reduction-case-of-pakistan/